دیوانی مقدمات میں سمن کا اجراء اور اس کی تعمیل کا طریقہء کار

بحوالہ

ضابطہء دیوانی 1908ء

یہ معلوماتی مواد عام فہم اردو زبان میں عوام کی رہنمائی کیلئے وزارت قانون، انصاف
اور انسانی حقوق کے انصاف تک رسائی کے پروگرام کے تحت تیار کیا گیا ہے۔
اس مواد کی تیاری کیلئے تکنیکی معاونت سی آر سی پی نے فراہم کی ہے۔

دیوانی مقدمات میں سمن کا اجراء اور اس کی تعمیل کا طریقہء کار

سوال 1۔ سمن سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ جب دیوانی عدالت سے کسی قسم کی مدد کے لئے رجوع کیا جاتا ہے تو عدالت مقدمہ کو درج کرنے کے بعد دوسرے فریق کو حاضر ہونے کے لئے عدالتی نوٹس جاری کرتی ہے تاکہ دوسرا فریق مقررہ تاریخ کو عدالت میں پیش ہو۔ جاری کردہ اس عدالتی نوٹس کو سمن کہتے ہیں' اگر مخالف فریق ایک سے زیادہ ہوں تو ہر فریق کو علیحدہ سمن بھیجا جاتا ہے۔

سوال 2۔ دیوانی عدالت کسے کہتے ہیں؟

جواب۔ جو عدالت قرضہ و جائیداد وغیرہ کے مقدمات کا فیصلہ کرنے کا اختیار رکھتی ہو وہ دیوانی عدالت کہلاتی ہے۔

سوال 3۔ سمن جاری کرنے کا کیا طریقہء کار ہے؟

جواب۔ مقامی افراد کو عدالتوں کے مقرر کردہ افراد سمن ان کی رہائش وغیرہ پر پہنچاتے ہیں۔ اس کے علاوہ سمن رجسٹرڈ ڈاک کے ذریعے بھی بھیجا جاتا ہے مگر عدالت چاہے تو رجسٹرڈ ڈاک کے علاوہ اخبار میں اشتہار' ٹیلی گرام' کوریئر سروس اور کسی دوسرے قانونی ذریعہ سے بھی سمن جاری کر سکتی ہے۔

سوال 4۔ سمن کی تعمیل سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ وہ شخص جس کے لئے سمن جاری کیا گیا ہے خود یا اس کا نمائندہ سمن کو وصول کر کے اس پر اپنا نشان انگوٹھا ثبت کر دے یا دستخط کر دے تو اس کو سمن کی تعمیل کہتے ہیں۔

سوال 5۔ عدالت سمن کی تعمیل کیسے کرا سکتی ہے؟

جواب۔ جس شخص کے خلاف مقدمہ درج ہو عدالت اس کے خلاف براہ راست سمن جاری کر سکتی ہے اور عدالت کی طرف سے بھیجا گیا شخص خود جا کر اس کی تعمیل کروا سکتا ہے۔ اگر متعلقہ شخص گھر پر موجود نہ ہو تو گھر کے کسی بالغ فرد سے بھی سمن کی تعمیل کرائی جا سکتی ہے' مقدمہ کاروباری نوعیت کا ہو تو سمن کی تعمیل اس کے کسی نمائندہ یا مینجر سے کرائی جا سکتی ہے۔ اسی طرح کمپنی کی صورت میں کمپنی کے ڈائریکٹر سے بھی تعمیل کرائی جا سکتی ہے۔ اگر متعلقہ شخص یا اس کے نمائندے سے اس کی غیر موجودگی یا کسی اور وجہ سے تعمیل نہ کرائی جا سکے تو ایسی صورت میں سمن کی تعمیل کروانے والا گھر کے دروازے یا کسی نمایاں جگہ پر سمن چسپاں کر دیتا ہے جس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ سمن کی اطلاع یا تعمیل قانونی طور پر ہو چکی ہے۔

سوال 6۔ اگر مخالف شخص سرکاری ملازم ہو تو سمن کی تعمیل کا طریقہ کیا ہوتا ہے؟

جواب۔ ایسی صورت میں عدالت مناسب سمجھے تو سمن کی تعمیل کرانے کے لئے اسے اس کے متعلقہ دفتر ارسال کرے گی جس کے ساتھ ایک

نقل مخالف فریق کو دینے کے لئے بھی بھیجی جائے گی۔

سوال 7۔ جیل میں قید شخص کے خلاف سمن کی تعمیل کیسے ہوگی؟

جواب۔ ایسی صورت میں سمن بذریعہ ڈاک یا کسی اور طریقہ سے جیل کے انچارج کے پاس بھیجا جائے گا جہاں پر اس قید شخص سے اس کی تعمیل کرائی جائے گی۔

سوال 8۔ مخالف شخص اگر کسی دوسری عدالت کے دائرہ اختیار میں رہتا ہو تو سمن کی تعمیل کا طریقہ کار کیا ہوگا؟

جواب۔ ایسی صورت حال میں متعلقہ عدالت سمن کو اس عدالت میں بھیجے گی جس کی حدود اختیار میں مدعا علیہ (مخالف) رہائش پذیر ہو اور وہ عدالت اس سمن کی تعمیل کرائے گی۔

سوال 9۔ اگر مخالف شخص پاکستان سے باہر رہائش پذیر ہو تو سمن کی تعمیل کیسے کرائی جائے گی؟

جواب۔ جب مخالف شخص پاکستان سے باہر رہائش پذیر ہو اور پاکستان میں اس کا کوئی نمائندہ بھی نہ ہو جس سے سمن کی تعمیل کرائی جا سکے تو ہر ایسے شخص کے نام اس کے پتہ پر سمن رجسٹرڈ ڈاک کے ذریعے بھیجا جائے گا جہاں وہ رہائش پذیر ہوگا۔

سوال 10۔ سمن کی تعمیل کرانے والے اہلکار اور مخالف شخص دونوں کے کیا فرائض ہیں؟

جواب۔ سمن کی تعمیل کرانے والے اہلکار کے لئے ضروری ہے کہ وہ اصل سمن کے پیچھے سمن کی تعمیل کا وقت' گواہ جس نے تعمیل کرنے والے کو شناخت کیا ہو اور جس کی موجودگی میں سمن کی تعمیل کرائی گئی ہو، کا نام و پتہ وغیرہ درج کرے۔ اس کے ساتھ ساتھ جس شخص کے نام سمن جاری ہوا سے چاہیے کہ سمن وصول کر کے اس پر دستخط کرے یا انگوٹھا لگائے اور مقررہ تاریخ پر عدالت میں پیش ہو کر اپنے خلاف مقدمہ کی پیروی کرے تاکہ مقدمہ کی باقاعدہ کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔

سوال 11۔ مخالف شخص کے مجاز عدالت میں مقررہ تاریخ کو پیش نہ ہونے کی صورت میں کیا ہوگا؟

جواب۔ ایسی صورت میں عدالت یکطرفہ کارروائی کر سکتی ہے لیکن اگر وہ شخص کسی خاص وجہ سے مجاز عدالت میں پیش نہ ہو سکا ہو اور فیصلہ اس کی غیر حاضری پر یکطرفہ طور پر کیا جا چکا ہو تو وہ شخص غیر حاضری کی کوئی مناسب وجہ بیان کر کے یکطرفہ کارروائی کی منسوخی کے لئے درخواست دے سکتا ہے۔

سوال 12۔ دیوانی مقدمات میں سمن کا اجراء اور اس کی تعمیل کے طریقہ کار سے متعلق مزید معلومات کہاں سے حاصل کی جا سکتی ہیں؟

جواب۔ درج ذیل ذرائع سے بھی دیوانی مقدمات میں سمن کا اجراء اور اس کی تعمیل کے طریقہ کار سے متعلق مزید معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں:

(1) قانون و انصاف کمیشن' حکومتِ پاکستان' سپریم کورٹ بلڈنگ' اسلام آباد' فون نمبر 051-9220483۔ فیکس نمبر 051-9214416' ای میل ljcp@ljcp.gov.pk' ویب سائٹ www.ljcp.gov.pk

۔

(2) کنزیومر رائٹس کمیشن آف پاکستان (سی آر سی پی) پوسٹ بکس ؑ 1379 اسلام آباد ؑ فون نمبر 739-739-111 ؑ فیکس نمبر 051-2825336 ؑ ای میل main@crcp.org.pk۔

(3) ضلع اور تحصیل کچہری میں موجود دفتر معلومات۔

(4) ضابطہء دیوانی 1908ئ۔